بناوی صبح کو ایک گولی کہلاوی پرہیز ترشی بادی کری باقی سب کہائی یہہ عارضہ
جلد اچھا نہین ہوتا ہی چہہ سات دن دیکہی کہ کچھہ فائدہ ہو نہین تو یہہ دوا کہلائی **نسخہ**
سلاجیت فلفل سیاہ بلیلہ زرد املہ خشک رہ نیلہ کون رکہو ر گہنو نگچی سفید گل بنفشہ کتہہ سفید
چار چار ماشہ ان سبکو چوب کرکی روغن گل مین حل کری جب کہ خشک ہو تو گولیان
نخود کی برابر بنائی ایک گولی آم کی اچار مین لپیٹ کر صبح کو اور ایک شام کو کہلاوی
پرہیز دال عدس مرچ سرخ کا کری باقی سب چیزین کہائی اس دوا سی تمام بدن
اچھا ہو جائیگا او نکلی ایسی نہو گی اگر دوا مزاج کی موافق آئی تو شاید انگلیان بیہد
ہو جائنگی کتابو مین بہت حال لکہا دیکہا ہی او سنا ہی اور اکثر ڈاکٹر صاحب بہی
یہہ بات کہتی ہی کہ مین اس عارضہ والی بہت دیکہی ہین پہلی جنگلی لیکن کچھہ نہ سمجھہ فونا

سے کئی عارضہ ہوتی ہین ایک یہ کہ بدن بگڑ جاتا ہی کہ جسکو جذام
کہتی ہین دوسری بدن سفید ہو جاتا ہی اور ناک بہی بیٹھ جاتی
ہی اکثر لوگون کی ہاتہ اور پانون رہ جاتی ہین کہ جسکو گٹھیا
کہتی ہین اور یہ عارضہ شاید آتی نہ تہا اسواسطی کہ حکیم
اسکی دوا نہین کرتی اگر کرتی ہین تو اچہا نہین ہوتا ہے
اگر حکیم لی ناقص سمجہ کی نہ لکہا اور جراح جو علاج کرتا ہے
تو جلد اچہا ہو جاتا ہی اور ایک باعث یہ ہی کہ یہ عارضہ خود
گرم ہی سرد دواون سی اچہا نہین ہوتا یہ حال معلوم
نہین کہ یہ کیا بلا ہی واللہ اعلم بالصواب اور اکثر ڈاکٹر صاحبون
نی ذکر کیا تہا کہ یہ عارضہ بلغم سی ہوتا ہی اور ظاہر مین دریافت
ہوا کہ اکثر اس عارضہ والہ کی بدن مین چہوٹی چہوٹی پہوڑے
یا دانہ رطوبت دار ہوتی ہین اور اگر کسی کو یہ عارضہ لاحق ہوا
اور وہ [illegible] لگانی سی لگاتار رہا مگر دو چار برس کی بعد طاقت
جسم کی کم ہونی سی کچہ خلل پہر ہوتا ہی اور اسکی سبب سی
زخم تازہ پہر ہو جاتا ہی یا ہر ایک عارضہ مین دور ہو جاتا ہی
پس اسکا علاج جو اوپر بیان کیا ہے وہ کرے
یا یہ دوا کری نسخہ توتیا برہان مردار سنگ سفید کاشغری

رسکپور سنگرف قرنفل سونا گہ چو کیا ایک ایک تولہ سب
کو باریک پیسکر سات پڑیان بنائی وقت صبح ایک پوڑیا
ملائی مین لپیٹ کر کہلائی اور غذا دودہ روٹی یا شیر
برنج کہلائی باقی سب چیز کا پرہیز کری اور اگر کسی کی بہی
سیاہ یا سرخ تمام بدن مین پڑ جائین یا تمام بدن نیلگون
ہو گیا ہو تو اوس کا علاج یہ ہی کہ پہلی یہ مسہل دی مگر
اول تین دن کہچڑی مونگ کی کہلائی بعدہ یہ مسہل دی نسخہ
سیاہ دانہ تو ماشہ نیم تجیہ کرکی باریک پیسی برابر اوسکی شکر
خام ملاکر تین پوڑیان بنائی ایک پوڑیہ صبح کو گرم پانی کی
ساتہہ پلائی وقت پیاس لگنی کی بہی گرم پانی پلائی شام
کو کہچڑی اور اچار کہلائی اور جو کسی کی منہ کی اندر سوراخ
ہو یا پڑ گیا ہو یا کہ انصف گل گیا تو اوسکا بہی علاج
یون کری جو اوپر بیان کیا ہی ویسا کری اگر کوئی اس عارضہ
کی ہونی کا انکار کری تو پہلی اوسکا یون علاج کری کہ
جسمین منہ آئی نہ دست جیکہ کچہہ فائدہ اوس کو معلوم ہو تو کہی
کہ اگر مسہل تمکو ہوگا تو جلد اچہا ہو جاؤگی اور اگر فائدہ ہونی
پر بہی منظور نکری تو دوا کہلائی جای کہ نیند رہ دن کی بعد

بالک چہانکر پلاوی بعد تین مسہل کی وہی دی یا یہ دوا کہلالی

نسخہ آتشک مردار سنک زرد ایک تولہ گل ارمنی

ایک نیم تولہ قند سیاہ کہنہ ہفت سالہ ان سبکو پیس کر برابر چہوٹی

بیر کی گولیان بنائی صبح کو ایک گولی ملائی مین لپیٹ کر کہلالی

ترشی۔ بادی کا پرہیز کروائی اگر کسی اس عارضہ والی کو کسی جراح

ناتجربہ کار نی شنگرف کثرت سی کہلایا ہوا اور اس سبب سی تمام

بدن بگڑ گیا ہو تو پہلی یہ دوا دی **نسخہ آتشک** کتکی تلخ ایک تولہ

بجلی انبہ دو تولہ چہال گوند تین تولہ تخم خیارین دو تولہ مصری سفید

تین تولہ سب کو باریک پیس چہانکر قند سیاہ کہنہ موافق اون

ادویون کی ملائی اور دوبارہ پہر ایک کوٹی بعد اوسکی گولیان برابر

بیر جنگلی کی بنائی اور کہلائی اوپر اوسکی تازہ پانی پلائی اگر دست

آئی تو بہتر اور قی آئی تو بہتر اور جو فائدہ ہو تو بہتر مسہل دی

پہلی تین روز یہ دوا پلائی اور کہچڑی کہلائی **نسخہ منضج فساد**

خون بادیان سبز ایک تولہ گلو خشک ایک تولہ مویز منقی بارہ

دانہ تخم خطمی ایک تولہ تخم خبازی ایک تولہ گلقند دو تولہ ان کو

پانی مین بہگو دی صبح کو جوش کر کی پلائی بعدہ یہ دی **مسہل**

سبب آتشک گل سرخ دو تولہ تخم خطمی ایک تولہ

شام کو

کہچڑی مونگ اس طور

سی تین مسہل دی بعد اوس کی

اون دواؤن سی فائدہ ہو تو

بہتر نہین تو یہ عرق پلاوے

نسخہ عرق ... **خون**

بادیان سبز ...

سیر کچہ پاؤ آثار زیرہ سیاہ پاؤ آثار برم ڈنڈی پاؤ آثار
پھٹکری پاؤ آثار فوفل کہنہ آدہ سیر آملہ خشک آدہ سیر تخم نیب
آدہ سیر تخم بکاین آدہ سیر تخم جامن آدہ پہلی ببول آدہ سیر
منڈی آدہ سیر پوست کچنال آدہ سیر پوست خیار شمبر پاؤ آثار
صندل سرخ پاؤ آثار برگ حنا پاؤ آثار برگ چہاؤ پاؤ آثار
ان سب کو جوکوب کرکی آب دریا مین بارہ پہر بہگو رکہی بعدہ
عرق انکا نکالی صبح کو پانچ تولہ عرق اور ایک تولہ شہد ملاکی پلاوی
ہر روز اور بدن بگڑی ہوئی کو مین چار برس نگذری ہون تو
اچہا ہو جایگا اوران دوا یہ کسی کچہہ بہی فائدہ نہو تو پہر یہ
دوا چالیس دن کہلاوی یہ جو عرق بیان کیا ہی اور لاچار
ہوکی آخر کی درجی یہ دوا کہلاوی نسخہ ایک خوک کلان گوشت
پر ان کو بکاکی دی مگر مسلمان کو ایسی دوا کہلانا لازم
ہی کیونکہ ایمان اپنا ضروری اور پیٹ کی واسطی یا نام کیواسطی
جو لوگ کرتی ہین اوس نشے چیزین نہ ایمان کا بہلا نہ مریض کا
بہلا اور جو کسی عورت کو یہ عارضہ کی جاتا رہا ہو اور اس عرصہ
مین حمل رہ گیا ہو اور پہر اوس عارضہ نی زور کیا ہو تو مشکل سی
جائیگا کیونکہ اقربا اوس عورت کی یہ فرمائش کرتی ہین کہ حمل

نسخہ ایک اور
ایک تولہ گندہک
دو تولہ مردہ سنگ ایک تولہ تخم خستہ
ان تین چیزون کو خوب
باریک کرکی قند سیاہ کہنہ بارہ
برس کا موافق اوسکی ملاکی گولیان
برابر جہوٹی بیر کی بنائی اور ایک
گولی ملائی مین لپیٹ
کی کہلائی

نکری اسطرح سی سات دن تک پلالی اور کہانا جو جی چاہی وہ
کہلائی اور اس دوا سی وہ عارضہ جاتا رہیگا جبکہ لڑکا پیدا ہو
تو پہر اوسکو مسہل دیکی دوا کہلائی اور وہ لڑکا بہی اس عارضہ
مین پیٹ سی گرفتار نکلا ہو تو وہ بہی اس دوا کا دودہ پی گا تو
اچہا ہو جائیگا بتقدیر اچہا ہو تو لڑکی کو یہ دوا دوی نسخہ

آتشک برای طفل گل بادنجان صحرائی یعنی کنائی
دو ماشہ باوبڑنگ دو ماشہ کشنش تین ماشہ ان مین چیزون
پیس کر آدہ سیر پانی مین پکائی جب کہ دو تولہ باقی رہی
تو رکھہ چہوڑی ایک رتی پہر لیکی مان کی دودہ مین ملائی
اور پلاوی اور اوس کی مان کو وہی دوا دی یا جیسی
مناسب وقت ہو وہ دوا دی خدا چاہی تو اچہا ہو جائیگا

دربیان سوزاک اور جو کسی کی سوزاک خود بخود
ہو جائی تو اوسکا سبب یہ ہی کہ شب کو سوتی ہوئی
کی احتیاج ہونی کی بابت آنکہہ کہل جاتی ہی اور منی نکلی
مین رک جاتی ہی اس سبب سی بھی ہو جاتا ہی اوسکو دوا
یہ پلائی نسخہ سوزاک تخم کتان دو تولہ لیکی رات کو
بھکووی صبح کو آدہ سیر پانی مین لعاب اوس کا خوب نکالی

اور اور سوزش
اگر نسخی اگر ایک مرتبہ کیا
تو پھر بھی نہین تو دریا مین رو
کی بعد پیشاب نہین ہوتا اور مشکل
سی ہوتا ہی اور اسکا سبب یہ ہی
کہ اوس عورت کو بھی سوزاک
ہو جاتا ہی اور عورت کی سوزاک
کا حال آگی چلکر بیان ہوگا
انشاء اللہ تعالی

نسخہ سوزاک کو یہ دوا دوی تخم سرس ایک

تخم کیاس ایک تولہ و تخم بکاین ایک تولہ ان تینون چیزون
کو پیس کر بہیر کی دودہ مین تر کرکی گولیان برابر چہوٹی بیر کی
بنائی ایک گولی صبح کو چار گہڑی کرکی کہلائی اور اوپر اوسکی
پاو بہر دودہ گا لیکا پہی اور ترشی و بادی نکہائی اور پیشاب
مین سرخی ہو تو یہ دوا دی **نسخہ سوزاک** کباب چینی
چہہ ماشہ و آرچینی قلمی چہہ ماشہ گل گلاب چہہ ماشہ سنگ جراحت
چہہ ماشہ موصلی سفید چہہ ماشہ اسگند ناگوری چہہ ماشہ ان سبکو
باریک پیسکر ایک تولہ ہر روز کہائی اور گا لیکا دودہ پاو بہر پیی
اگر کچہہ بہی فایدہ معلوم ہو تو اکیس دن کہای اور پرہیز ترشی
و بادی و مرچ کا کری اور سوزاک ہوجانی کی صورت ایک
اور بہی ہی کہ بعضی لوگ چند عرصہ تک دو مرتبہ یا تین مرتبہ
ملاقات کرتی ہین ہر دفعہ پیشاب کرکی سوتی ہین تو خواہ مخواہ
کہینچ کر بالائی ہین تو یہ صورت ہوتی ہی کہ خفیف سی منی انکی نہانی
مین جم جاتی ہی اور اوسمین گوشت اسقدر زیادہ کیسی ہی پس
صبح تک زخم ڈال دیتی ہی اس صورت سی آنت بہی پیشاب
نہین ہوتا ہی تو لوگ کہتی ہین کہ سوزاک ہوگیا اسطرحسی
یہ عارضہ عقلمند کو ہوتا ہی اور یہ اس سی زیادہ عقل سی

لی اور پرہیز کری اور یہ نسخہ جو پچکاری کا لکہا ہی یہ اس
واسطی ہی کہ بالفعل رایج بہت ہی لیکن ڈاکدر صاحب
کی نزدیک جایز نہین ہی اور نزدیک مؤلف کی بہی جایز نہین
ہی کس لئی کہ دو تین قباحتین لازم آتی ہین ایک تو یہ کہ
فوطون مین پانی اوتر جاتا ہی تو باد خایہ ہو جاتی ہین
اور مثانہ کا منہ کشادہ ہوجاتا ہی اور یہ عارضہ بہت
نہین اچہا ہوتا لازم یہ ہی کہ دوا کہلائی یا پلائی لیکن پچکاری
نہ دی اور ایک جزو سوزاک کی یہ ہی **نسخہ سوزاک**
کتیرا ایک تولہ تخم تال مکہانا ایک تولہ ان دونون چیزونکو
پیسکر شکر خام ملاکر برابر ایک کف دست کہائی اور پاؤ
آثار دودہ کا ایک پلائی اور کوئی شخص رنڈی کی پاس
اسطرح رہی کہ ملاقات سی پہلی لٹی یا مساس کری اور جب
سب باتون سی فراغت کرچکی تو پیشاب کری نزدیک ملنی سو
رہی اور جب ملاقات کرچکا تب یون ہین کری تو سوزاک
نہوگا اگر بتقدیر ہوجائی تو یہ جانی کہ اس رنڈی کو
سوزاک تہا تو پہلی اوسکی واسطی اندری جلاب دیوے
نسخہ جلاب اندری کہاتے جینی ایک تولہ

عورت حایضه ہوی اور ملاقات کی تو یہ عارضہ ہو
جاتا ہی اگر مرد کا مزاج غالب ہی تو یہ عارضہ ہوگا
اور جو عورت کا مزاج غالب ہی تو جلد ہو جائیگا
اور اس سبب سی یہ عارضہ ہو تو یہ دوا کری **نسخہ**
سوزاک پہلی بہیدانہ تین ماشہ شب کو بہکو دی
صبح کو لعاب نکال کی گائیکا دودہ سوا سیر ملا لی
سنگ جراحت دو ماشہ سیوس اسپغول چہہ ماشہ
پہانک لی اوپر سی وہ پی لی بعد دو پہر کی یہ غذا کہالی
دال مونگ اور روٹی اور یہ عارضہ سوزاک کا اسطور
سی بہی ہوتا ہی کہ کسی طوایف کی پاس رہی بعد لڑکا
ہونی کی تو اوس میں دو سبب ہوتی ہین ایک تو یہ
کہ وہ عورت گرم اجزا بہت سی کہاتی ہی اور دوسری
یہ کہ دائی دودہ پلاتی ہی اور وہ کسب کرتی ہی تو
بخارات جسم کا اور حرارت دودہ کی یہ گرمی اجزا کی
مرد کی واسطی ضرر رکہتی ہی اوس وقت تک کہ لڑکا
ہونی کی بعد ایک مرتبہ عورت حیض سی فرصت پا جائی
تو مرد کی کام کی ہو گی اور جو اوس کو امر نہو تو

خیارین چہہ ماشہ تخم خرفہ چہہ ماشہ تخم کاسنی چہہ ماشہ بادیان چہہ ماشہ مصری سفید چہہ ماشہ دو وقت پیسکر چار چار ماشہ کہلائی اور اوپر سی آدہ پاو دودہ ... پلائی اور ...

اوپر سے پوس کلی خام اونچا کر کی رکہی جبکہ کاجل خاطر خواہ ہوجائی تو صبح اور شام دو وقت انکہہ مین بطور سرمہ کی لگائی ترشی و بادی کا پرہیز کری اور یہ عارضہ عجب طرحکا ہی کہ عورت سی مرد کی ہو اور مرد سی عورت کی ہوجاتا ہی

باب چوتہا بیان متفرقات مین اور اس باب مین چار فصلین ہین

فصل پہلی بیان وجع مفاصل

مین یہ ہی اور صورت اوس کی کئی سبب سی ہوتی ہی اور ایک وجہ یہ ہی کہ کسی شخص کو بخار آئی اور اوسکی واسطی پانسوبا کیا جائی اور اتفاقاً ہوا لگ جائی تو پاؤن مین درد یا کچھہ اوبہی بیٹہنی مین فرق آجاتا ہی تو اوسکی واسطی وہ تیل لگائی ہین جو اکثر جانتا ہی اور بخار ہو جب تک کی مالش کری اور عورتون کی اضطرابی سی حکیم عاجز ہوتی ہین تو وہ روغن گل یا روغن بابونہ بتا دیتی ہین اور بخار بہی ہو اور تیل کی مالش بہی ہو تو اکثر ورم ہوجاتا ہی ورلازم یہ ہی کہ جو کچھہ عارضہ ہو وہ سب جاتا رہی فقط یہی باقی ہو تو اوسکی واسطی اس تیل کی مالش کری **نسخہ وجع مفاصل** ترکیب روغن پہلی چالیس انڈون کو جوش کری اور اونکی زردی نکال لی

ہوا کی سبب سی درد ہر ایک اعضا میں ہونی لگتا ہی اور
اسی صورت سی آخر کی درجہ ہاتھہ و پاؤن پہیلنی اور سمٹنی مین
کمی کرنی لگتی ہین تو اوس کی واسطی ایک پرہیزی روز
کہلائی اور اس تیل کی مالش کری نسخہ روغن بہی

وجع مفاصل و ہر درد اعضا مال گنگنی

دو تولہ کائپھل ایک تولہ پکہان زنجبیل تہرا جوز بویہ عقرقرا
اگر اجوائن تیج پات فلفل زرد چوب کول سمندر کہار کچلا زہر مہرہ بادام
کڑوی گرنج زنجبیل سہ مور کلیجن عرق دہتورہ عرق مدار
عرق پوست سہنجنا عرق کوبہ عرق تمکو سنبر عرق پوست املی
عرق بہنگرا ایک ایک تولہ روغن تلخ پندرہ تولہ روغن
کنجد سیاہ پندرہ تولہ روغن ریڑی پانچ تولہ ان سب کو
ملا کی جوش کری جب کہ اجزا جلنی پر آئی تب چہان کر رکہی اور
استعمال مین لائی بہ تقدیر اس سی فائدہ نہو تو یہ تیل
لگائی نسخہ روغن برای وجع مفاصل

و یا درد کی

پہلی روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر لیکی گرم کریگا
بعدہ موم سفید بط کی چربی ایک ایک تولہ مال کنگنی دو تولہ
سنبل سفید چہہ ماشہ ان سبکو ایک جوش خفیف دیکی

کہانی کی دوا بہی ویسی ہو
اور پرہیز بہی وہی چاہئی
جریان ہوتا جاتا ہی او
کسی کی ہاتھہ پاؤن مین
یا کمر مین درد کی قسم سی ہو
تو یہ دوا کری نسخہ روغن
برای
مفاصل وجع

کری کہ کوئی نکری **فصل دوسری بیان احوال**
باہ مین اور صورت باہ کی تقدمہ مین یہ ہی کہ اول تو نسخہ پیدا
نہین اگر ہی بہی تو اوس کی اجزا نہین پیدا اور بر تقدیر دو چار
دوایان رایج الوقت پیدا کی تو لوگ یہ کہتی ہین کہ ہمکو پہلی نمونی
کی واسطی دوا دو اگر فایدہ معلوم ہوگا تو پہر ہم امیرون سی کہین
گی اور وہ امیر بادشاہ سی کہین گی تو کمال تمہارا روشن ہو جائیگا
اور مرتبہ بہی بڑا ہوگا اور بسبب مروت کی دیا ہی تو کبہی صورت
دکہائی کہ حال اوس کا معلوم ہو کہ اچہا بنا یا برا بنا اور جو کہین
لہ مین ملکی تو کہا مین آونگا اسواسطی نہین آیا کہ کچہہ فایدہ
خاطر خواہ ثبوت نہین ہوا اگر دو چار نسخہ وانگلدر صاحب کی بانی
معلوم ہوئی تہی وہ اس مین لکہہ دئی ہین اور کچہہ بیان بہی ہی
اور باہ کی کم ہو جانی کی صورت کئی طرح سی ہی اور اکثر لوگونکا
حال یہ ہی کہ کوئی شخص ہاتہہ سی رنج لگا کی کہو دیتا ہی اور ہاتہہ
سی کرنی مین بہت نرق ہی ایک یہ کہ جاڑی کی دنون مین شب
وقت یہ کام کرتی ہین تو کچہہ آسایش ہی اور اوسکی دو
سکتی ہی اور بعضی آدمی کیا کرتی ہین کہ جاضر ورین یا کسی پیدا
مین یہ حرکت کرتی ہین ایک کم نجتی تو ہوئی ہی دوسری پانی

کی لئی دوا
دوا کہلانی نسخہ سیک
برائی باہ
برادہ دندان فیل برادہ دندان ماہی ایک ایک
تولہ قرنفل آٹہہ ماشہ

شروع کری تمام پہلو اور تمام رانی اور قضیب کو سینکی بعدہ پان بنگلہ گرم کرکی باندہی اور پرہیز پانی کا کری

نسخہ برای قوت باہ مغز چلغوزہ خشخاش سفید موصلی سیاہ موصلی سفید کلیجن قرنفل گلدار ثعلب مصری جاوتری بہون پہلی تال مکہانہ خورد بیج نبدستا ور برم ڈنڈی تج مریم چار چار تولہ کا کنج نو ماشہ یہ دوایان باریک کرکی پاؤ بہر گہی مین چرب کرکی اور شہد آدہ سیر لیکی قوام کری اور وہ دوا چرب کئی ہوئی ملادی جبکہ بطور معجون کی ہو تو دو ماشہ صبح کو اور دو ماشہ شام کو کہلائی اور جو اس دوا سی کچہہ تخفیف ہو تو بہی کہلائی چالیس دن تک اگر بتقدیر کچہہ فایدہ نہو تو کہانی کی دوا دہی ہی اور لگانی کی دوا یہ بنا کی لگائی

نسخہ باہ لگانی کا تخم کنیر سفید جوز کہ اگر افیون قاقلہ سفید تخم بیب لاہول چہہ چہہ ماشہ ان سبکو باریک کرکی روغن کنجد سیاہ ایک تولہ ملائی اور خوب حل کری جب کہ مثل مرہم ہو قضیب پر لگائی اور بنگلہ پان گرم کرکی باندہی اور کچہہ اوس کی سبب سی جریان ہو تو پہلی یہ دوا دی

نسخہ سفوف برای قوت باہ

پستہ نان بکہانہ ایک ایک
تولہ ان سب کو باریک کرکی شکر
برابر ملا کی ایک تولہ ہر روز
کہلائی اور پاؤ بہر دودہ گائی کا
اوپر سی پلائی اور ترشی و
بادی ہرگز نکہائی بعدہ یہ
علاج کری جو اوپر
بیان کیا

دوا کرو اور جو کوئی دوا کری لاوے برانے دوا ان ہی کس
لئی جب کہ اوس شخص کو شہوت ہوگی تو پہر وہ لونڈیکو دیکہنی
جائی گا اگر کوئی استاد اوسکی دوا کری تو پہلی توبہ کروائی
پہر دوا کری جسمین کہال جاتی رہی اور وہ دوا یہ ہے
نسخہ بیٹی لوہت مال زہر سنکہیا جمال گوٹہ کنجد
سیاہ دودہ مدار کا ایک ایک ماشہ ان سبکو باریک
پیسکر تہدر پانی مین لت کرکی ضماد کری اور پان بنگلہ گرم
کرکی باندہی جب کہ آبلہ پڑ جائی تو گہی دہو کر لگائی اور
ہوا کو منظور نکری تو یہ دوا کری **نسخہ روغن**
قوت باہ بیر بہوتی عقرقرحا اطین خشک مغز ناخون
اسپ جوان کلیجن ست ہر ایک ایک تولہ ان سبکو جوکوب
کرکی ایک آتشی شیشی مین بہر کر تیل نکالکر ایک قطرہ
اوپر چشم کی لگائی اور بنگلہ پان گرم کرکی باندہی جب کہ
فایدہ ہوا چالیس دن تک کوئی بات نکری تو شا بد
اچہا ہو جائیگا اور جو کسی شخص نی لڑکپن مین جو جو گا
مروائی ہو اور جب کہ سن تمیز کو پہنچا ہو اور دل مین خواہش
یہ آئی اور کسی دانا سی یا کسی استاد سی کہی تو پہلی توبہ

چہہ چہہ تولہ ثعلب مصری ایک ایک تولہ بہمن سفید بہمن سرخ تین تین ماشہ شقاقل مصری چہہ ماشہ عنبر اشہب دو رتی چینی قلمی تین تین ماشہ انکو بہی کوٹ کی اوسمین ڈال دی اور سفید مصری دس تولہ شہد خالص پانچ تولہ گلاب دس تولہ عرق کیوڑہ پانچ تولہ ان چار چیز کا قوام کرکی اون اجزا ونکو ملا کر بطور معجون کی یا حلوی کی طرح جیسی ہو تو زعفران دو ماشہ عود غرقی دو ماشہ ملا کر رکہی ہر روز دو تولہ کہلائی اور ترشی و بادی کا پرہیز کری اور اکثر یہہ بہی ہوتا ہی کہ کوئی شخص جوانی کی موسم میں کسی رنڈی کو بلا فی اور شہوت کثرت سی ہوتی ہی اور انجماد منی بہی زیادہ ہوتی ہی تو بسبب اوس کی جماع کرنی مین دیر ہوتی ہی اور اس عرصہ مین طلب کسی کو حقہ کی ہوتی اور آدمی بہی کوئی موجود نہو تو پہر آپ اوٹہہ کر حقہ تیار کر لاتی ہین اور پہر اوس شغل مین مشغول ہوتی ہین اور خیال یہہ نہین کرتی کہ ہم اسطور سی اوٹہہ کر جاینگی تو ہماری جسم مین ہوا لگ جاینگی تو کیا حال ہوگا اور جوانی کی روز مین عقل کسکو ہوتی ہی تو کچہہ نہین سوجہتا اور جب کہ باہ کی کرنی لگتی ہی تو پہر ایک سی دوا پوچہتی ہین اور اوسکی واسطی کہلانی کی یہہ دوا یہہ ہی نسخہ

مرباں کری بعدہ یہہ دوا ملائی خار خشک خورد خار خشک کلاں مغز پنبہ تال مکہانہ کلاں مغز بادام دو دو تولہ ان سب کو کوٹ کر شکر سفید پاو بہر لیکی قوام کرکی سب چیزون

چرنی شیر ایک ایک تولہ ملحہ گاو ٹیلک عدد ان سبکو جوکوب
کر کی شیشہ آتشی مین رکہہ کر کی تیل نکالی اور شب کی
وقت ایک قطرہ حشفہ پر لگائی اور پان بنگلہ گرم کر کی باندہی
اسکو ایک ہفتہ بہر لگائی اور پرہیز کری اور وہ وقت دریافت
کری کہ ہونی مین انتشار کی صورت ہی یا نہین اور جو
خفیف سی بہی ہو تو پہر اکیس ۲۱ دن تک لگائی اور اس
دوا سی فایدہ نہو تو پہر کسی اوستاد کو لازم ہی کہ
پہلی وہ دوا لگائی کہ جس مین دانہ پڑجاتی ہین اور وہ
دوا یہ ہی **نسخہ ضماد برای قوت باہ عجیب**
قرنفل جندبیدستر حراطین تتہشہ ایک ایک تولہ بیربہوٹی
مردارسنگ چار چار ماشہ ملحہ ماہی رو بہو چار عدد تخم
جمال گوٹہ چار چار ماشہ چرنی زرگاو تین تولہ سمم خام
دو تولہ پارہ ایک تولہ ان سب کو حل کری جب کہ وہ
سب ادویہ مثل مرہم کی ہوجاوین تو رکہہ چہوڑی وقت
شب کی اوس کی موافق ٹکیہ گرم کر کی لگائی اور
پان بنگلہ گرم کر کی باندہی اور پانی کی احتیاط
کری بعدہ دوا ہی **نسخہ طلا برای قوت**

پانی کی
کری اور پرہیز بہی
ہو اور کبہی ایسا اتفاق
بہی ہوتا ہی کہ طوایف
مین کوئی رنڈی خراب
ہو جاتی ہی یا کوئی مرد
ترک کرتا ہی کہ عورت اور
ہو اور مرد دونون

کیونکہ اس مقام میں ہڈی نہیں ہی اور لوگ کیا سمجھہ کر
یہ واہیات حرکت کرتی ہیں اور ایسی باتیں اپنی بھی دیکھہ کر
یہ معلوم ہوا کہ جوانی میں آدمی اندھا ہوتا ہی اور اوس عرصہ
میں ہر روز ایک بات نئی نکلتی ہی اور جو اسطور کا علاج کری
تو یہ دوا بہی کہلائی **نسخہ غذا برای باہ** مغز بادام
گیارہ دانہ لی کی تازہ پانی میں پیس کر شہد دو تولہ ملا کر
پلائی ہر روز گیارہ دن یا اکیس دن تو ہو **دیگر نسخہ باہ**
چہری چالیس عدد لی کی صاف کر کی [illegible] پان کر کی
اور شہد اوس کی موافق لیکر قوام پکا کر اون چہروں کو اوس
میں ڈال کر رکھی صبح کو دہ باقوام پلائی اور سونی کی
وقت ایک چڑا مثل سپید کھلائی اور لگائی کی واسطی دوا یہ ہی
نسخہ روغن طلا برای قوت باہ پوست
بیخ کنیر سفید مال کنگنی دو ماشہ تخم کوانیچ بیاض سفید عقرقرا
اسپند سوختنی چودہ چودہ ماشہ ان سب کو جو کوٹ کر کی
روغن کنجد سیاہ دس تولہ لی کی گرم کر کی اون دوائیوں
کو ملا کر پکائی جب کہ وہ جلنی پر آئی تو چہان کر رکہی شب کو
لگائی اور پان بنگلہ گرم باندہ کر سو رہی [illegible] دوا پوسی

نسخہ [illegible] قوت باہ و منی
رات کو پاو بھر پانی میں بھگو دی
صبح کو آب زلال نی کی شہد
دو تولہ ملا کر [illegible]
دیگر برای قوت باہ نسخہ
صبح کو چہنی کا پانی اور

ایک تو یہ کہ اوسکا تمام جسم برابر ہوتا ہی تو اوسکو ضد لی
نوا جہ سرا کہتی ہین دوسری حقیقت یہ ہی کہ اوسکی کچھہ جسم
ہوتا ہی اور اوس کو بادامی کہتی ہین مگر اوسکو قدرتی با
ہوتی ہی اور کسی کی اولاد بہی ہوتی ہی مگر اوسکو کوئی
مرد نہین کہتا جو جہ کہتی ہین اور تیسری طرح یہ ہی کہ کسی
کی یہ عضو ہوتا ہی مگر اوسکو کچھہ حرکت نہین ہوتی تو اوس کا
نہین اور کسی کی جسم کو حرکت پیشاب کی وقت ہوتی ہو
تو اوسکا علاج یون کری کہ پہلی سینکنی کی دوا کری بہت
عرصہ تک پہر اوس عضو پر یہ دوا باندہی **نسخہ سینک**
برای قوت باہ بیر بہوٹی نو خراطین خشک اسگند ناگوری
زردچوب آنبہ ہلدی تخم وبریان چہہ چہہ ماشہ الگ سب کو
باریک کرکی روغن گل مین چرب کرکی دو پوٹلیان بنا کر کسی
برتن مین رکھہ کر آگ پہ رکھی اور تمام رانی و شہد خوب
سینکی بعدہ یہ دوا اوس عضو پر باندہی **نسخہ دیگر برای**
قوت باہ عقرقرحا بیر بہوٹی سرخ دو دو ماشہ قرنفل
بیس عدد گوشت گردن گوسفند بیس تولہ ان سبکو باریک
کرکی موافق اوس جسم کی کواب بنا کر پکا کر درمیان سی

کی تیل اوسکا نکال کر رکہی ہر روز ایک قطرہ اوپر تصیب کی
ضماد کری اور پان بنگلہ گرم کر کی باندہی اور پرہیز پانی کہانی
ترشی و بادی اور فایدہ معلوم ہو تو ہرگز کوئی امر کرنا نچاہیی
جب تک کہ چالیس دن نہ ہون اور کہانی کی دوا بہی اس
علاج کی ساتہہ ہوتی چلی جائی اور کہانی کی دوا یہ ہی

نسخہ برای قوت باہ عرق گہی کوار سیدہ گندم مغز تخم کپاس روغن زرد شکر یا قند ایک ایک اثار
تین چیزون کو جدا جدا بریان کری گہی مین اور شکر کا
قوام کر کی بعدہ خار خشک ایک چہٹانک جوز بویہ ایک تولہ
الایچی سفید ایک تولہ مغز بادام مغز پستہ کہوپرا سفید مغز
چلغوزہ مغز اخروٹ پاو پاو بہر ان کو بہی اوسمین ڈالی
وہ قوام ملا کر بطور حلوہ کی پکا کر رکہی پانچ تولہ ہر روز کہلائی
یہ حال جو بیان کیا ہی کوئی اوستاد چاہی اسطور سی کری
تو بہتر ہی یا اپنی رای پر اوسکو کری تو بہتر ہی لیکن اس عاصہ
علاج ڈاکٹر صاحب کی روبرو کیا تہا پہر کسی نی اسقدر
خرچ نہ کیا جو پہر مین دیکہا اوس وقت مین لوگ اشرفیان
خرچ کرلیتی تہی اب کوئی روپیہ نہین دیتا مفت مین دوا

اسپغول مسلم برگد کی دودہ مین تر کری خاطر خواہ سایہ
مین خشک کری اور خرمی چالیس لی کی خالی کری وہ
تر کیا ہوا دودہ کا ہی اوسمین بہر دی موافق اونکی گاینکا
دودہ یک آثار لیکر پکائی جب کہ دودہ قدری رہجائی تو
رکہہ چہوڑی ایک خرما ہر صبح کو کہلائی اور غذا دودہ
اور روٹی اور دوپہر کی بعد جو چاہی وہ کہائی اور
لگلنڈ یک دوا یہ ہی نسخہ طلا برای قوت باہ
عقرقرا کہنی قرنفل گلدار بیربہوٹی جدوار خطائی اطین
خشک ایک ایک تولہ ان سب کو روغن گل یا روغن لحید
سیاہ پاو آثار لی کی اوس مین وہ اجزا ملا کر ایک ہانڈی
گلی مین رکہہ کر منہ اوسکا بند کری چولہہ کی انگار کہود کر
اوس ہانڈی کو گڑہی مین رکہہ کر پوشیدہ کردی اور
آگ آٹہہ پہر سات دن تک برابر اوس پر جلا کری بعد ہفتہ بہر
کی نکال کر ایک قطرہ اوپر جسم کی چوب ملی اور پان بنگلہ گرم
کرکی باندہی اور پرہیز کری فصل تیسری بیان اتشک
جریان مین آگاہ ہو کہ یہ عارضہ کسی کو سوزاک کی
سبب یا آتشک کی سبب سی ہوتا ہی تو اوویہ سی کم ہو

جریان سبب سوزاک تخم کتان پاؤ آٹا
تو اکھیر چار تولہ اسبغول سنگ جراحت ایک ایک تولہ
ان سب کو باریک کر کی شکر چینی برابر ملائی اور ایک کف دست
ہر روز صبح کو کھلائی اور اوس سی پاؤبھر دودہ گائیکا پلائی
اور پرہیز کری اور سوزاک کی سبب سی جو یہ عارضہ ہو
جاتا ہی تو بند کشادہ بھی ہوجاتا ہی تو اوس کی ئی مرہم یہ
ہی نسخہ مرہم بند کشاد روغن زرد گاو [illegible] تولہ
سپیدہ سفید اکاشغری سنگجراحت ایک ایک ماشہ زنگار سفید
ایک خام رتی ان سبکو پیس کر گہی مین ملا کر خوب دہو کی
اور بتی موافق اوسکی بنائی اور لت کر کی مرہم سی ناصورہ
مین رکھی اور سوزاک کی جہت سی یہ عارضہ ہوجاتا ہی
تو اوس کی دریافت کرنی کا نشان یہ ہی کہ اوسوقت
مین پیپ نکلتی ہی اور اوس کی جریان مین منی تپلی ہوکر
جاری رہتی ہی اور یہ جریان تین طرح پر ہوتا ہی ایک
رطوبت کی زیادتی ہو تو منی پانی سی ہوتی ہی اوسکی
واسطی دوا یہ ہی نسخہ جریان سبب سوزاک
دوا یہ ہی برگد کی پاؤ آنار لیکی اوسی درخت کی دودہ مین

موصلی سیاہ موصلی سفید پانچ پانچ تولہ ان سبکو پیسکر چہانکر شکر خام نصف وزن ملائی ہر روز ایک تولہ کھلائی اور دودہ گائیکا پلائی اور ترشی و بادی کا پرہیز کری اور سفوف کی زیادتی سی ہو تو منی بازل بزردی

نسخہ سفوف سبب

ملاکر ہر صبح کو ایک تولہ کہلائی دوا کی ساتھہ اور جو صفرا
سہودا ملا ہوا ہوا اور خون کی زیادتی بہی ہو تو فصد
باسلیق لی بعدہ اندری جلاب دی بعد اسکی یہ دوا
دی **نسخہ جریان سبب سوزاک** آرو
باش تقشر نیم آثار رسیدہ خستہ ہندی نیم آثار سنگ جراحت
تین تولہ ان سبکو کوٹ کر چہانکر بچی شکر تین پاو ملا کر صبح کو
ریزے کہلائی اور دودہ گایکا پاو بہر اوپر سی پلائی ترشی
نا کہائی اور اس دوا سی فایدہ خاطرخواہ ہو تو پہر یہ دوا دی
نسخہ جریان سبب سوزاک آرو نخود خستہ پاو آثار
کباب چینی ایک تولہ تخم کنجال چہہ ماشہ زیرہ سفید چہہ ماشہ ان
سبکو پیس کر شکر خام تین تولہ ملائی ہر روز چار تولہ صبح کو کہلا
اور دودہ گایکا پاو بہر پلائی اور پرہیز کری ترشی وغیرہ
بیان جریان سبب آتشک اور جو یہ عارضہ
جریان کا آتشک کی سبب سی ہو تو دریافت کرنی کی
علامت یہ ہی اول تو نیاصہ کی منہ پر زخم خفیف سا ہوتا ہی
اور نسی تیلی ہو کر اپل بسرخی نکلتی ہی کیونکہ ایک تو
گرمی مزاج کی اور دوسری گرمی آتشک کی اور

فصل ۶ تہی بیان قطع تین

اول تو قطع بین ہی کہ تین طور پر ہوتا ہی پہلی اس بیان مین صورت یون ہی کہ کسی وجہ سی چوٹ لگ جاتی ہی تو اندر سی بیضہ بڑھ جاتا ہی

نایل نکلتی ہین تو اسکی واسطی وہ دوا ہو جو آتشک کو بہی فایدہ کرتی ہی اور جریان کی بہی وہ دوا یہ ہی **نسخہ جریان**

سبب آتشک عقرقرا انجرا تی تخم بل بل خارخسک کلان وخورد گل نوفل موصلی سفید موصلی سیاہ موصلی ستنبل اندر جو شیرین ست گلو سپستان تخم کوانیج تخم اٹکن تال مکہانہ خورد کباب چینی سورنجان شیرین ایک ایک تولہ تج قلمی ست بہروزہ لودہ پٹہانی نونو ماشہ ان سب کو پیس کر نصف وزن شکر خام ملاکر ایک تولہ ہرروز ہمراہ دودہ کی کہلائی اور پرہیز بخوبی کری خدا چاہی تو اچہا ہو جائی انشاء اللہ الرحمان اور اسی عارضہ مین ہوجانی کی صورت اس طرح بہی ہوتی ہی کہ اکثر لوگون کی غذا مخالف مین مرچ تیز شی کثرت سی ہوتی ہی اور مزعوب طبع گرم کہانی کی طرف ہت ہی اس جہت سی بہی جریان کی شدت ہوجاتی ہی تو اوس کی لئی دوا یہ ہی **نسخہ جریان** موصلی سیاہ موصلی سفید گلو نجی سیاہ پانچ پانچ تولہ ان کو پیس کر شکر خام برابر ملائی ہرروز ایک تولہ دودہ کی ہمراہ کہلائی اور جو اس دوا سی فایدہ نہو تو یہ دوا دی **نسخہ جریان**

جسوقت لگانا منظور رہو اوسوقت سوئیکی ساگ پکاکر بہپارا دی
بعدہ وہ لیپ لگائی اور پہر وہی ساگ باندہی اس دوا کو دو
وقت لگائی پانی سی پرہیز کری اور فوطون مین عارضہ یون
بہی ہوتا ہی کہ پہلی کسی کی مزاج مین برودت یا رطوبت
کی کثرت ہو تو ان دو خلطون کی سبب سی ریح کا خلل ہر ایک
اعضا مین پیٹ کی پیدا ہوتا ہی اسی صورت سی تمام شکم کی
متصل ان مین ریح فوطون کی طرف رجوع ہوتی ہی تو وہ
حال ہوتا ہی جو پہلی بیان کیا ہی کہ اندر سی بیضہ بڑہ جاتا
ہی تو لوگ تجربہ کار سی اوس کا علاج پوچہتی ہین
کسی حکیم سی نہین بیان کرتی کہ وہ فصد یا جلاب تجویز کری
تمام دیا بہپارا بتاتی اور ناواقف کی دوا یہ ہی کہ تماکو کا پتا
یا ٹیسو کی پہول بتاتی ہین اوسی اور ترقی ہوتی ہی لہذا کو
لازم یہ ہی کہ ایسا علاج ہو تو حکیم سی کہی کہ موافق مزاجکی
کری یا کسی جراح سی کہی اور وہ بہی آزمودہ کار ہو وہ بہی
علاج یون کری کہ جلاب و فصد تجویز کری اور لیپ بہپارا
بتاتی تو ہی **نسخہ لیپ برای فوطق** ناخونہ بادیان
سبز منغز بیضہ پہوا چار عدد نکو خشک سرگین موش ایک ایک

نہین آتا کہ اس سی کیا عارضہ پیدا ہوتا ہی اور یہ حرکت بیفضر
ہی اور اس حرکت کی سوا ایک امر اور بہی ہی کہ کسی کی
مزاج مین رطوبت کی زیادتی ہو اور بخار کی شدت مین
بعضی آدمی پانی روکی ہوئی بیٹہی ہین اور کوئی شخص کثرت
سی پیتا ہی تو دو باتین عارضہ ہوتی ہین ایک تو یہ کہ تلی بڑہ
جاتی ہی اور دوسری یہ کہ فوطون مین پانی اوتر آتا ہی
اور ایسی حرکتون سی بادخایہ قسم آبی کی ہو جاتی ہین
اور علاج اس عارضہ کا حکیمونکی کتابون مین اکثر لکہا
ہوتا ہی اور ڈاکٹر صاحب سی یون سنا ہی کہ اگر اس کا
علاج کریں تو یون کریں کہ پہلی نشتر دیکی سب پانی نکال کر
اوس زخم مین کوئی چیز ایسی لگائی کہ وہ زخم جاری رہی
سات آٹھہ دن کی بعد مرہم اچہا ہونی کا لگائی اور یہ دوا
کہلائی کیونکہ اندر سی پانی کی آمد رفت موقوف ہو تو زخم کا
خشک ہونا اچہا ہوتا ہی اور پہر خلل نہ ہوگا وہ دوا یہ ہی
نسخہ قطع آبی کندر گوند طباشیر کبود زہر مہرہ خطائی
زعفران ریٹہہ اصل سوس ایک ایک تولہ تخم کتان تخم خطمی
چہہ چہہ ماشہ ان سب کو باریک کرکی چار ماشہ ہر روز

نہیں رہتا ہی کو پریشان تیسویں تاریخ ہوتا ہی اور فایدہ بہت ایک [illegible] عارضہ کو دور

تاریخ کو ضعف ہوتا ہی اور نویں تاریخ کو خارشت پیدا ہوتی
ہی اور دسویں تاریخ کو قوت ہوتی ہی اور گیارویں تاریخ
کو رعشہ جاتا رہتا ہی اور بارہویں تاریخ کو تشنج ہی اور
تیرہویں تاریخ کو درد بدن ہوتا ہی اور چودہویں کو نیند
جاتی رہتی ہی اور پندرہویں تاریخ کو بخار نہیں ہوتا اور
سولہویں تاریخ کو بال سفید نہیں ہوتی اور سترہویں
تاریخ کو دل پر رنج نہیں ہوتا اور اٹھارہویں تاریخ کو
قوت دل نہیں ہوتی اور انیسویں تاریخ کو قوت دماغ
بہت ہوتی ہی اور بیسویں تاریخ کو ہر [illegible] ہوتا ہی
اور اکیسویں تاریخ کو ہمیں خوش رہتا ہی اور بائیسویں
تاریخ کو درد کلو و درد دندان دفع ہوتا ہی اور تئیسویں
تاریخ کو ناتوان و حقیر زیادہ ہوتا ہی اور چوبیسویں
تاریخ مین غمگین نہیں ہوتا ہی اور پچیسویں تاریخ کو
خفقان جاتا رہتا ہی اور چھبیسویں تاریخ کو درد گردہ
و درد پہلو دفع ہوتا ہی اور ستائیسویں تاریخ مین
بواسیر جاتی رہتی ہی اور اٹھائیسویں تاریخ کو ہر ایک
درد زیادہ ہوتا ہی اور انتیسویں تاریخ کو ہر ایک

رباعی
[illegible]
جل الشرائع [illegible]
ہفتہ بہر کاینہ ہی اور بیان
کہ روز ہفتی [illegible]

ہر سال کہلواتی ہین یا مسہل لیتی ہین تو اوس بات کی عادی
ہو جاتی ہین اور یہ عادت اچھی نہین ہی اور نکہلوانا فصد کا
اچھا ہوتا ہی کیونکہ سال کی موسم تین ہوتی ہین اور خون بہی
تین طرح پر ہوتا ہی جسم کی اندر اور وہ طرح یہ ہی کہ جاڑی
کی دنون مین کسی عارضہ کی واسطی حکیم فصد تجویز کری تو دوپہر
کی وقت کہلوائی کس لئی جاڑی کی موسم مین اول وقت خون
گروہی مین ہوتا ہی یعنی ٹہہر جاتا ہی اور بعضی لوگ یہ کہتی ہین
کہ خون جم جاتا ہی اور اکثر کی جسم مین خون جم جائی تو زندگی
نہ ہو کی اندر گرمی ہوتی ہی اور خون کی نکلنی مین یہ تمیز نہین
ہوتی کہ یہ خون اچھا ہی یا برا ہی اور اوس عرصہ مین کہلوانی
سی آدمی لاغر ہو جاتا ہی اس واسطی بری کی ساتھ اچھا
بہی نکلتا ہی اور گرمی کی موسم مین خون جدا جدا ہوتا ہی اور
اس موسم مین لازم ہی کہ اخیر وقت فصد کہلوائی اور جو اول
وقت کہلتی ہی تو عیب یہ ہی کہ خون کم ہو جاتا ہی اور دن
بہر کی گرمی سی زیادہ خشکی ہوتی ہی اخیر وقت بہتر ہی اور
بعضی آدمی عادی ہوتی ہین اور نہین کہلواتی تو ایک نہ ایک
عارضہ پیدا ہوتا ہی اور موسم برسات مین خون موافق سی

واللہ اعلم بالصواب

خاتمہ کتاب بیان

اور ہر وقت صورت پہوڑی کی دوسری صورت پر نظر آتی
ہی اور یہ جو نسخہ اس کتاب مین ہر مرض کی موافق لکہی ہین
انہین لازم ہی صاحب علاج کو اوس کی مزاج کی موافق
مرہم لگائی اور شفا دینی والا حکیم مطلق ہی کس لئی کہ اکثر
دیکہا اور سنا کہ یہ دوا مزاج کی موافق نہین ہی اور
اوسنی فایدہ بخشا بس لازم یہ ہی کہ علاج مین اوسی
شریک کر لینی قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا
إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ اور مریض سی کہی کہ جب تک حق تعالی صحت
نہ بخشی گا کچہہ نہ ہوگا کس لئی کہ اس مین کچہہ اجارہ نہین ہی
کیونکہ كُلَّ أَمْرٍ مَرْهُونٌ بِأَوْقَاتِهَا اور دراصل یہ
ہی کہ بی اوس کی عنایت کچہہ نہین ہوتا کہ لَا تَتَحَرَّكُ
ذَرَّةٌ إِلَّا بِإِذْنِ اللهِ اور آگاہ ہو کہ یہ کچہہ موقوف نہین ہی
کہ حق تعالی میری ہاتہہ سی صحت بخشی یہ اختیار اوسی کی
کس لئی وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ
الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اور یہ عاصی پر معاصی
امیدوار اس فن کی طالبون سی یہ ہون کہ جس وقت
ان اوراقون سی فایدہ اوٹہائین تو اس عاجز کو بہی

پوچھا زم حصر راہ خدا مین
دی کہ حق تعالی اوسکی کبر
سی اس پر رحم کیا کر اپنی
قدرت کاملہ سی شفائی کل
اور صحت عاجل عطا فرمائی
اور مریض کو بہی یہی لازم
ی کہ جس وقت علاج
شروع

ہی کہ ایک شخص جناب امام ذوی الاحترام
صادق علیہ السلام کی خدمت میں
آیا اور عرض کی کہ جعلت فداک ابن رسول اللہ
آپ نی زبان معجز بیان سی ارشاد فرمایا تھا کہ جس امر کو
بسم اللہ الرحمن الرحیم سی شروع کری تو حق تعالی
برکت عطا فرماتا ہی اور کوئی چیز خلل نہیں کرتی یا حضرت
علیہ السلام اس شکوہ مینی کہا تا کہا یا بسم اللہ کہ کی اور
خلل کیا حضرت علیہ السلام نی فرمایا کہ ہر چیز پر تو نی بسم اللہ
نہیں کہی پس جس چیز پر تو نی بسم اللہ نہیں کہا اوس چیز نی
خلل کیا اوس نی عرض کیا یا حضرت آپ سچ فرماتی ہیں اور
دوسری دلیل یہہ ہی کہ قران شریف کی سرے نبشہ ہی
بسم اللہ ہی اور ہر سورہ پر بسم اللہ ہی پس معلوم ہوا کہ
بسم اللہ کہنا ہر فعل کی شروع مین لازم ہی اور حکم
پروردگار عالم کا بہی رجوع کرنا طرف طبیب کی ہی چنانچہ
نقل کی گئی ہی کہ حضرت موسی علیہ السلام کی تئیں پہوڑا
نکلا اوس وقت مین اونہوں نی درگاہ باری تعالی مین عرض
کیا کہ ای عالم السر والخفی اب کیا حکم ہوتا ہی احکام پہنچا کہ ای